روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 10 جولائی 2006ء 13 جمادی الثانی 1427 ہجری 10 وفا 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 151

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن کریم میں درج صفات باری تعالیٰ بیان کرتے ہوئے حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے فرمایا

وہ سب کا محافظ ہے اور سب پر غالب اور بگڑے ہوئے کا بنانے والا ہے۔ اور اس کی ذات نہایت ہی مستغنی ہے۔ اور فرمایا.......... وہ ایسا خدا ہے کہ جسموں کا پیدا کرنے والا اور روحوں کا بھی پیدا کرنے والا۔ رحم میں تصویر کھینچنے والا ہے۔ تمام نیک نام جہاں تک خیال آ سکیں۔ سب اسی کے نام ہیں۔ اور پھر فرمایا.......... یعنی آسمان کے لوگ بھی اس کے نام کو پاکی سے یاد کرتے ہیں اور زمین کے لوگ بھی۔ اس آیت میں اشارہ فرمایا۔ کہ آسمانی اجرام میں آبادی ہے اور وہ لوگ بھی پابند خدا کی ہدایتوں کے ہیں۔ اور پھر فرمایا.......... خدا بڑا قادر ہے۔ یہ پرستاروں کے لئے تسلی ہے۔ کیونکہ اگر خدا عاجز ہو اور قادر نہ ہو تو ایسے خدا سے کیا امید رکھیں۔ اور پھر فرمایا.......... وہی خدا ہے جو تمام عالموں کا پرورش کرنے والا۔ رحمٰن رحیم اور جزا کے دن کا آپ مالک ہے۔ اس اختیار کو کسی کے ہاتھ میں نہیں دیا۔ ہر ایک پکارنے والے کی پکار کو سننے والا اور جواب دینے والا یعنی دعاؤں کا قبول کرنے والا۔ اور پھر فرمایا۔ الحی القیوم یعنی ہمیشہ رہنے والا اور تمام جانوں کی جان اور سب کے وجود کا سہارا۔ یہ اس لئے کہا کہ وہ ازلی ابدی نہ ہو تو اس کی زندگی کے بارے میں بھی دھڑکا رہے گا کہ شائد ہم سے پہلے فوت نہ ہو جائے۔ اور پھر فرمایا کہ وہ خدا اکیلا خدا ہے نہ وہ کسی کا بیٹا اور نہ کوئی اس کا بیٹا۔ اور نہ کوئی اس کے برابر اور نہ کوئی اس کا ہم جنس۔

اور یاد رہے کہ خدائے تعالیٰ کی توحید کو صحیح طور پر ماننا اور اس میں زیادت یا کمی نہ کرنا۔ یہ وہ عدل ہے جو انسان اپنے مالک حقیقی کے حق میں بجالاتا ہے۔ یہ تمام حصہ اخلاقی تعلیم کا ہے جو قرآن شریف کی تعلیم میں سے درج ہوا۔ اس میں اصول یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ نے تمام اخلاق کو افراط اور تفریط سے بچایا ہے۔ اور ہر ایک خلق کو اس حالت میں خُلق کے نام سے موسوم کیا ہے۔ کہ جب اپنی واقعی اور واجب حد سے کم وبیش نہ ہو۔ یہ تو ظاہر ہے کہ نیکی حقیقی وہی چیز ہے جو دو حدوں کے وسط میں ہوتی ہے یعنی زیادتی اور کمی یا افراط اور تفریط کے درمیان ہوتی ہے ہر ایک عادت جو وسط کے طرف کھینچے اور وسط پر قائم کرے وہی خُلقِ فاضل کو پیدا کرتی ہے۔ محل اور موقعہ کا پہچاننا ایک وسط ہے۔ مثلاً اگر زمیندار اپنا تخم وقت سے پہلے بودے یا وقت کے بعد۔ دونوں صورتوں میں وہ وسط کو چھوڑتا ہے۔ نیکی اور حق اور حکمت سب وسط میں ہے اور وسط موقع بینی میں۔ یا یوں سمجھ لو کہ حق وہ چیز ہے کہ ہمیشہ دو متقابل باطلوں کے وسط میں ہوتا ہے اور اس میں کچھ شک نہیں کہ عین موقع کا التزام ہمیشہ انسان کو وسط میں رکھتا ہے اور خدا شناسی کے بارے میں وسط کی شناخت یہ ہے کہ خدا کی صفات بیان کرنے میں نہ تو نفی صفات کے پہلو کی طرف جھک جائے اور نہ خدا کو جسمانی چیزوں کا مشابہ قرار دے۔ یہی طریق قرآن شریف نے صفات باری تعالیٰ میں اختیار کیا ہے۔ چنانچہ وہ یہ بھی فرماتا ہے کہ خدا دیکھتا، سنتا، جانتا، بولتا، کلام کرتا ہے۔ اور پھر مخلوق کی مشابہت سے بچانے کے لئے یہ بھی فرماتا ہے:۔..........

یعنی خدا کی ذات اور صفات میں کوئی اس کا شریک نہیں۔ اس کے لئے مخلوق سے مثالیں مت دو۔ سو خدا کی ذات کو تشبیہ اور تنزیہ کے بین بین رکھنا یہی وسط ہے۔ غرض.......... کی تعلیم تمام میانہ روی کی تعلیم ہے۔ سورۂ فاتحہ بھی میانہ روی کی ہدایت فرماتی ہے۔ کیونکہ خدائے تعالیٰ فرماتا ہے۔ غیر المغضوب علیھم و لاالضالین۔ مغضوب علیہم سے وہ لوگ مراد ہیں جو خدائے تعالیٰ کے مقابل پر قوت غضبی کو استعمال کر کے قویٰ سبعیہ کی پیروی کرتے ہیں اور ضالین سے وہ مراد ہیں جو قویٰ بہیمہ کی پیروی کرتے ہیں۔ اور میانہ طریق وہ ہے جس کو لفظ انعمت علیھم سے یاد فرمایا ہے۔ غرض اس مبارک امت کے لئے قرآن شریف میں وسط کی ہدایت ہے توریت میں خدائے تعالیٰ نے انتقامی امور پر زور دیا تھا اور انجیل میں عفو اور درگزر پر زور دیا تھا۔ اور اس امت کو موقع شناسی اور وسط کی تعلیم ملی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔..........

یعنی ہم نے تم کو وسط پر عمل کرنے والے بنایا اور وسط کی تعلیم تمہیں دی۔ سو مبارک وہ جو وسط پر چلتے ہیں۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 375)

برائی سے بچنے کی دعا

حضرت ابوبکرؓ کی درخواست پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں صبح وشام پڑھنے کیلئے یہ دعا سکھائی۔

اے اللہ زمین وآسمان کے پیدا کرنے والے غیب اور حاضر کو جاننے والے۔ ہر چیز کے رب اور مالک میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں اپنے نفس اور شیطان کے شر اور شرک سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اور اس بات سے بھی کہ میں کسی برائی میں مبتلا ہو جاؤں یا کسی مسلمان کو گزند پہنچاؤں۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات حدیث نمبر:3452)

قیمتی امانت

۞ حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

''یہ (یتامیٰ) خود محسن نہیں ہوتے لیکن ان کے ساتھ احسان اس لئے کیا جاتا ہے کہ وہ بوجہ اپنی کمزوری اور صغرسنی کے اپنے مطالبات کو خود پورا کروانے کی طاقت نہیں رکھتے اور ان کے حقوق کو دلیری کے ساتھ غصب کر لیا جاتا ہے پھر اس لئے بھی وہ محبت اور حسن سلوک کے مستحق ہوتے ہیں کہ وہ اپنے والدین کے سایہ عاطفت سے بچپن میں ہی محروم ہو جاتے ہیں اور اس وجہ سے وہ قوم کی ایک قیمتی امانت ہوتے ہیں۔''

(تفسیر کبیر جلد 2 صفحہ 7)

(سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

ڈاکٹر صاحبان مجلس نصرت جہاں کے تحت مستقل یا عارضی وقف کریں

۞ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ 17/اکتوبر 2003ء میں فرمایا:۔

''جلسے پر میں نے ڈاکٹروں کو توجہ دلائی تھی کہ ہمارے افریقہ کے ہسپتالوں کیلئے ڈاکٹر مستقل یا عارضی وقف کریں۔ اب تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے حالات بہت بہتر ہیں۔ وہ دقتیں اور وہ مشکلات بھی نہیں رہیں جو شروع کے واقفین کو پیش آئیں اور اکثر جگہ تو بہت بہتر حالات ہیں اور تمام سہولتیں میسر ہیں اور اگر کچھ تھوڑی بہت مشکلات ہوں بھی تو اس عہد کو سامنے رکھیں کہ محض للہ اپنی خداداد طاقتوں سے بنی نوع کو فائدہ پہنچاؤں گا۔ آگے آئیں اور حضرت مسیح موعود سے باندھے ہوئے اس عہد کو پورا کریں اور ان کی دعاؤں کے وارث بنیں۔

(روزنامہ الفضل 16 فروری 2004ء)

معلومات اور وقف فارم کیلئے مندرجہ ذیل پتہ پر رابطہ کرنے کی درخواست ہے۔

سیکرٹری مجلس نصرت جہاں بیت الاظہار بالائی منزل
احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ۔ ربوہ
فون: 047-6212967

گواہ سارا جہاں رہے گا

اگرچہ معمور بلبلوں کی نوا سے یہ گلستاں رہے گا
ہزار طرز نوا میں یکتا ہمارا رنگِ فغاں رہے گا
غبارِ راہ تھے وہ، کیا تعجب جو رہ گئے مہر و ماہ پیچھے
وہ قافلہ ہم ہیں جو افق تا افق ہمیشہ رواں رہے گا
فقیر تھے ہم نہ دے سکے کچھ کہ یاد اہل زمین رکھتے
بنا چلے ہیں اک آسماں ہم، یہی ہمارا نشاں رہے گا
بڑے ہی خوش بخت وہ گدا ہیں جو کوئے جاناں کی خاک ٹھہرے
وہی سمیٹیں گے تاج انہی کے سپرد نظم جہاں رہے گا
کسی کی زلفیں سنوارنے کا سنبھالا کارِ دراز ہم نے
رہے گا دل شانہ کش کہ جب تک تعلق جسم و جاں رہے گا
زمین کو ہم بلند کر کے فلک سے اونچا مقام دیں گے
کسی کو پھر ہو گا رنج پستی نہ شکوۂ آسماں رہے گا
بپا کئے ہیں صد انقلاب اس نے اپنی اک گردش نظر سے
کرامت پیر میکدہ پر گواہ سارا جہاں رہے گا
بجائے مَے دے رہا ہے ساقی قیامتیں بھر کے ساغروں میں
اٹھے گا ہر رند حشر بن کر تو دیدنی وہ سماں رہے گا
ابھی یہ طے کر لو تم گریباں کا چاک کس ڈھب سے خوب ہو گا
بہار آنے پہ جوشِ وحشت میں ہوش اتنا کہاں رہے گا
اگر ہے پرواز تیرا مقصد تو پھونک دے خود نشیمن اپنا
بلند پروازیوں میں حائل تصور آشیاں رہے گا
کیا تھا میں نے گلہ تبسم! کہ مَے نے رسوا کیا ہے مجھ کو
کہا یہ ساقی نے جا ترا نام زندۂ جاوداں رہے گا

عبدالرشید تبسم

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

تحریک جدید میں بچوں کی شمولیت

☆ حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

''میں نے کئی دفعہ کہا ہے کہ دوست اپنے بچوں کا بھی چندہ لکھوایا کریں اور ساتھ ہی انہیں بتا دیا کریں کہ یہ تحریک جدید کا چندہ ہے۔ تا کہ انہیں ساری عمر یاد رہے اور وہ اپنی اولادوں کو بھی نصیحت کرتے رہیں۔''

(سبیل الرشاد ص142 الفضل 7 نومبر 1956ء)

(مرسلہ: وکیل المال تحریک جدید ربوہ)

ولادت

۞ مکرم اسرار احمد صاحب ناصر مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے خاکسار کی چھوٹی ہمشیرہ مکرمہ شاہدہ ضیاء صاحبہ زوجہ مکرم ضیاء اللہ صاحب ظفر کو مورخہ 19 جون 2006ء کو ایک بیٹی کے بعد بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچے کا نام ذکی اللہ عطا فرمایا ہے۔ ذکی اللہ مکرم عبدالقیوم صاحب آف شاہ تاج شوگر ملز منڈی بہاؤالدین کا پوتا اور مکرم علی اکبر صاحب آف امیر پارک گوجرانوالہ کا نواسہ ہے اللہ تعالیٰ نومولود کو سلسلہ کا خادم بنائے اور دینی و دنیوی حسنات سے نوازے۔ والدین کیلئے قرۃ العین بنائے اور خلافت کے ساتھ ہر آن سچی وفا کا تعلق رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

پیشہ ور تعلیمی ادارہ جات میں داخلے کیلئے اہم امور (برائے والدین)

۞ وہ تمام احمدی طلباء و طالبات جو انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے بعد خاص طور پر پرائیویٹ پیشہ ور تعلیمی ادارہ جات میں داخلہ حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کے والدین مندرجہ ذیل امور کو مدنظر رکھیں۔

(1) جس ادارہ میں آپ کا بیٹا یا بیٹی داخلہ حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں ان کے بارے میں مکمل معلومات صرف پراسپکٹس کے ذریعہ سے ہی نہیں بلکہ خود وہاں جا کر بھی خاص طور پر حاصل کی جائیں۔

(2) ادارہ کے دورہ کے وقت مندرجہ ذیل امور کو خاص طور پر مدنظر رکھیں۔

(i) ادارہ کی فیکلٹی (Faculty) کیسی اور کس معیار کی ہے۔

(ii) ادارہ کی ظاہری خوبصورتی پر ہرگز کوئی فیصلہ نہ کیا جائے۔

(iii) ادارہ کی لائبریری کس معیار کی ہے اور کتب و رسالہ جات اور Journals کا ذخیرہ کس قسم کا ہے۔

(iv) ادارہ میں کمپیوٹر لیبارٹری کس معیار کی ہے نیز کسی بھی کمپیوٹر کورس میں داخلہ کی صورت میں ایک طالب علم کو کمپیوٹر پر اپنا کام کرنے کیلئے کتنا وقت میسر آ سکے گا۔

(v) ادارہ کی Job Market میں اس کے فراغت حاصل کرنے والے گریجوایٹس کی بنیاد اور ان کی Skill پر کیا Rating ہے۔

(vi) اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا جائے کہ اگر آپ کا بیٹا یا بیٹی کسی کمپیوٹر یا انجینئرنگ ادارہ میں داخلہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ ایسے تمام شہروں میں اس قسم کے کمپیوٹر اور انجینئرنگ کے ادارہ جات قائم ہیں وہاں پر فعال طور پر ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز (AACP) اور انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹکٹس وانجینئرز (IAAAE) قائم ہے۔ والدین کو چاہیئے اس کے لوکل Chapters کے عہدیداران سے رابطہ کر کے ان سے اس سلسلہ میں خاص طور پر مشورہ حاصل کریں اور پھر اس پر عمل کرنے کی کوشش بھی کریں کیونکہ ان کا مشورہ بہرحال پیشہ وارانہ طور پر غیر معمولی اہمیت کا حامل ہوگا۔

(نظارت تعلیم)

سانحہ ارتحال

۞ مکرم شیخ بشیر احمد صاحب سمن آباد لاہور تحریر کرتے ہیں کہ میرے بڑے داماد مکرم شیخ نعیم احمد شفیع صاحب ابن مکرم شیخ نذیر احمد صاحب شفیع مرحوم ڈیفنس لاہور مورخہ 21 جون 2006ء کو حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے بعمر 56 سال انتقال کر گئے ہیں مرحوم محترم شیخ مبارک احمد صاحب مرحوم سابق مشنری انچارج افریقہ وامریکہ کے بھتیجے اور مکرم شیخ مبشر احمد صاحب ماڈل ٹاؤن لاہور کے چھوٹے بھائی تھے۔ مرحوم نیشنل انجینئرنگ کے ڈائریکٹر و مالک اور انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹکٹس اینڈ انجینئرز کے ممبر تھے اور اس میں باقاعدگی سے شریک ہوتے اور مختلف امور میں نوجوان انجینئرز کی راہنمائی اور مدد و تعاون کرتے تھے۔ مرحوم صاف گو، صلح جو، ہمدرد، ہنس مکھ اور ہر ایک کے کام آنے والے تھے۔ اور مالی قربانیوں میں حصہ لیتے تھے 22 جون کو نماز جنازہ، ماڈل ٹاؤن لاہور کی بیت النور میں ادا کی گئی۔ بعد ازاں ماڈل ٹاؤن کے قبرستان میں تدفین ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر مکرم قریشی محمود احمد صاحب سمن آباد نے دعا کروائی مرحوم نے بیوہ کے علاوہ دو بیٹے اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں سوائے چھوٹی بیٹی کے سارے بچے شادی شدہ اور صاحب اولاد ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور مغفرت فرمائے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مجلس خدام الاحمدیہ بیلجیئم۔ تاریخ اور خدمات پر ایک نظر

(قسط دوم آخر)

سالانہ اجتماع

بیلجیئم میں سالانہ اجتماع کا باقاعدہ آغاز 92-1991ء سے ہوا۔ اس کے بعد ہر سال سالانہ اجتماع منعقد ہوتا رہا اور 04-2003ء میں تیرھواں سالانہ اجتماع منعقد ہوا۔ خدام اور اطفال کی روحانی اور جسمانی صحت کی ترقی کے لئے مختلف علمی و ورزشی پروگرام کا انعقاد کیا جاتا رہا۔

مجلس خدام الاحمدیہ کے سالانہ اجتماعات میں ''روشنی کے سفر'' کے عنوان سے نومبائعین کے لئے ایک پروگرام بھی ترتیب دیا جاتا رہا اور مجلس سوال و جواب کا انتظام بھی کیا جاتا رہا۔

اجتماع کے پروگرام کو دلچسپ بنانے کے لئے باربی کیو کا اہتمام بھی کیا جاتا رہا جس میں تکہ، سیخ کباب اور چکن روسٹ وغیرہ تیار کئے جاتے رہے۔ نیز اسی طرح سال کے آغاز میں ہی خدام کو ریفریشر کورس کے موقع پر سالانہ نصاب بھی تیار کر کے فراہم کیا جاتا رہا تا کہ سارا سال خدام واطفال نہ صرف اس سے استفادہ کر سکیں بلکہ اس کے مطابق تیاری بھی کر سکیں۔ سال 2003ء سے سالانہ مقابلہ مضمون نویسی کا اجراء بھی کیا گیا جس میں مقررہ موضوع کے مطابق خدام کو اردو، بنگلہ، انگریزی اور مقامی زبانوں فرنچ، ڈچ اور جرمن زبانوں میں مضامین لکھنے کی طرف توجہ دلائی گئی جس میں خدام دلچسپی سے حصہ لیتے رہے۔ اجتماعات میں عموماً حاضری بحیثیت مجموعی تسلی بخش رہی۔

آخر میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے خدام واطفال کو انعامات دیئے جاتے رہے نیز اچھی کارکردگی پیش کرنے والی مجالس اور ٹیموں کو خصوصی انعامات دیئے جاتے رہے اور ملک بھر میں اول آنے والی مجلس کو علم انعامی دیا جاتا رہا۔ مجلس خدام الاحمدیہ کی ہمیشہ یہ کوشش رہی کہ آئندہ اجتماعات میں پہلے سے بہتر انتظامات کئے جائیں۔

ان اجتماعات میں 98-1997ء کے موقع پر مجلس خدام الاحمدیہ فرانس کی کبڈی اور فٹبال کی ٹیم نے شرکت کی اور 99-1998ء میں مجلس خدام الاحمدیہ ہالینڈ کی فٹبال ٹیم نے شرکت کی۔ 01-2000ء میں بھی مجلس خدام الاحمدیہ فرانس کی فٹبال کی ٹیم سالانہ اجتماع میں شامل ہو چکی ہے۔ مجلس خدام الاحمدیہ بیلجیئم کی ٹیم 2000ء-1999ء میں مجلس خدام الاحمدیہ ہالینڈ کے سالانہ اجتماع میں نائب صدر صاحب کے ہمراہ شرکت کر چکی ہے اور اس کے علاوہ 01-2000ء میں مجلس خدام الاحمدیہ بیلجیئم کی 15 اراکین پر مشتمل والی بال کی ٹیم صدر مجلس خدام الاحمدیہ کے ہمراہ جرمنی کے سالانہ اجتماع میں شرکت کر چکی ہے۔ 1986ء ہالینڈ میں منعقدہ یورپین اجتماع کے موقع پر بیلجیئم کے خدام و اطفال نے شرکت کی۔ صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ محترم محمود احمد صاحب شاہد بھی اس اجتماع میں تشریف لائے تھے۔ بیلجیئم کے سالانہ اجتماع 2000-1999ء کے موقع پر صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت محترم نسیم خان صاحب بطور مہمان خصوصی شرکت فرما چکے ہیں۔

مجلس خدام الاحمدیہ بیلجیئم کے سالانہ اجتماعات مشن ہاؤس برسلز میں ہی منعقد ہوتے رہے لیکن 03-2002ء میں پہلی مرتبہ سالانہ اجتماع مشن ہاؤس سے باہر منعقد کیا گیا جس میں خدام کی کل حاضری 244 رہی جبکہ اطفال کی حاضری 45 رہی۔ اس کے علاوہ 31 مرکزی مہمان بھی شامل ہوئے۔ نیز ہالینڈ سے محترم مظفر حسین صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ ہالینڈ اور فرانس سے محترم فہیم احمد صاحب نیاز صدر مجلس خدام الاحمدیہ فرانس بھی اس اجتماع میں شامل ہوئے۔ 2004ء کے سالانہ اجتماع کے موقع پر محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ ہالینڈ اپنی نیشنل عاملہ کے چند ممبران کے ہمراہ اس میں شامل ہوئے۔ اسی طرح صدر مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی بھی اپنی نیشنل عاملہ کے ہمراہ تشریف لائے۔ اس موقع پر نیشنل مجلس عاملہ بیلجیئم اور نیشنل مجلس عاملہ جرمنی کے درمیان فٹبال کا ایک دلچسپ دوستانہ میچ ہوا۔ جس میں دونوں ممالک کے صدران نے شرکت کر کے میچ کی رونق کو دوبالا کیا نیز بیلجیئم اور جرمنی کے درمیان رسہ کشی کا مقابلہ بھی ہوا۔

اس اجتماع میں کل حاضری 349 رہی جبکہ 214 خدام، 60 اطفال اور 75 مہمانان گرامی شامل ہوئے۔

سالانہ نمائش

خدام الاحمدیہ بیلجیئم نے اجتماع کے موقع پر باقاعدہ نمائش کا انتظام 02-2001ء سے کیا۔ اس سے پہلے صرف مختلف سٹال ہی لگائے جاتے تھے۔ اس پہلی نمائش میں حضور انور کے دورے کی ایک فلم کمپیوٹر پر تیار کر کے دکھائی گئی جس میں خدام نے بڑی دلچسپی لی۔

اس کے بعد سال 03-2002ء میں نمائش کی کارکردگی مزید بہتر رہی۔ جس میں مختلف مجالس نے حصہ لیا اور اس میں بیلجیئم کے ڈرائیونگ کے نظام کو کمپیوٹر پر تیار کر کے دکھایا گیا، منارۃ المسیح کا ماڈل تیار کیا گیا، کاروبار کے بارہ میں معلومات فراہم کی گئیں۔ اسی طرح سکولوں کے نظام کو بھی اچھے طریقے سے چارٹ کے ذریعے دکھایا گیا اور خلفاء کی تصاویر بھی بڑی دلچسپی کا باعث رہیں۔

علم انعامی

بیلجیئم میں اچھی کارکردگی کی حامل مجالس میں اول آنے والی مجلس کو علم انعامی دینے کا سلسلہ 2001ء میں شروع کیا گیا۔ پہلی بار علم انعامی حاصل کرنے کا اعزاز مجلس برسلز کو دیا گیا۔ 2002ء میں بھی یہ اعزاز برسلز کی مجلس نے ہی برقرار رکھا۔ جبکہ 2003ء میں اول آنے والی مجلس انٹورپن کو یہ اعزاز حاصل ہوا۔ اس وقت علم انعامی کا اعزاز مجلس برسلز کے پاس ہے۔

وقار عمل

جماعت کے اندر پیش آنے والی ضروریات کے مطابق خدام الاحمدیہ مختلف کام سرانجام دیتی ہے جس کی بدولت جماعت کے بہت سے روپیہ کی بچت ہو جاتی رہی اور بعض کام بہت کم خرچ میں مکمل کر لئے جاتے رہے۔

حضور انور کی آمد پر جماعت احمدیہ بیلجیئم کی زیرنگرانی خدام الاحمدیہ تمام انتظامات کو وقار عمل کے ذریعے ہی مختلف ڈیوٹیاں لگا کر مکمل کرتی رہی۔ مشن ہاؤس کو خوبصورت بنانے اور صاف ستھرا رکھنے کے لئے بھی خدام الاحمدیہ پیش پیش رہی۔

ہر سال جلسہ سالانہ کے موقع پر بھی خدام الاحمدیہ ایک ماہ قبل ہی انتظامات اور تیاری میں خصوصی معاونت کرتی ہے۔ جس میں مختلف مجالس سے خدام جلسہ گاہ میں پہنچ کر اپنی ڈیوٹیوں کے مطابق کام سرانجام دیتے ہیں اور اسی طرح جلسہ سالانہ کے بعد وائنڈ اپ کے کام میں بھی خدام بڑی دلجمعی اور مستعدی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ خصوصاً بڑی مارکی، کھانے کی مارکی، چھوٹی مارکیاں لگانے اور اتارنے کا کام بھی خدام الاحمدیہ کے سپرد ہی ہوتا ہے۔

ہر سال سالانہ اجتماع کے موقع پر اجتماع گاہ کی تیاری کے لئے بھی خدام الاحمدیہ ایک ماہ قبل ہی تیاری شروع کر دیتی ہے جس میں علمی و ورزشی مقابلہ جات کے لئے مارکی اور گراؤنڈ کے انتظامات شامل ہیں۔ یہ تمام کام بھی مختلف مجالس کی ڈیوٹیاں لگا کر پایۂ تکمیل تک پہنچایا جاتا ہے جس میں تمام مجالس اپنی ذمہ داری کو خوش اسلوبی سے پورا کرتی رہیں۔

مرکزی مشن ہاؤس یعنی بیت السلام اور اس کے احاطہ میں وقتاً فوقتاً ضرورت کے مطابق محترم امیر صاحب کی زیرنگرانی مرمت کا تمام کام کیا جاتا ہے۔ خصوصاً مشن ہاؤس کی خریداری سے لے کر اب تک مختلف کام خدام کے وقار عمل کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے فضل سے مکمل ہو چکے ہیں۔ جن کی بدولت کثیر سرمایہ کی بچت کی گئی جس میں ہالینڈ کے خدام بھی شرکت کرتے رہے۔ اس کے علاوہ مشن ہاؤس کی اندرونی و بیرونی اور گارڈن کی دیکھ بھال جیسے تمام کام خدام الاحمدیہ وقار عمل کے ذریعے ہی سرانجام دیتی ہے۔ جو سارا سال جاری رہتے ہیں۔ جبکہ ایک مرتبہ بیلجیئم کے خدام ہالینڈ (نن سپیٹ) وقار عمل کے لئے بھی جا چکے ہیں۔ جن کی تعداد پندرہ تھی۔

مشن ہاؤس انٹورپن اور مشن ہاؤس ہاسلٹ کی عمارت کی خریداری کے بعد ان کو بطور بیوت الذکر استعمال کرنے کے لئے محترم امیر صاحب کی زیرنگرانی اور زیرہدایت خدام الاحمدیہ نے وقار عمل کے ذریعے ہی تمام کام کو مکمل کیا جس میں ان دو مجالس کے علاوہ دوسری مجالس کے خدام نے بھی بھرپور تعاون و شرکت کی۔ جس کی بدولت کم وقت اور کثیر سرمایہ کی بچت کے ساتھ انہیں اپنی ضرورت کے مطابق تیار کر لیا گیا جس میں ٹیکنیکل کام کرنے والے خدام کی کارکردگی مثالی رہی۔

خدام الاحمدیہ بیلجیئم کا ترجمان

خدام الاحمدیہ بیلجیئم کا ترجمان رسالہ، جس کا پہلا نام غلمان تھا، کا پہلا شمارہ ستمبر 1996ء کو جاری کیا گیا۔ اس میں خدام الاحمدیہ کی عمومی و خصوصی کارکردگی، مجالس اور نیشنل سطح پر شائع کی جاتی رہی۔ نیز وقار عمل، اجتماعات، مضامین، بزم اطفال کا ذکر کیا جاتا رہا۔

پہلے یہ ترجمان رسالہ سہ ماہی تھا پھر اسے ہر دو ماہ بعد جاری کیا جانے لگا لیکن اس کی طباعت باقاعدہ نہ رہی اور مارچ 2003ء سے جماعت احمدیہ بیلجیئم کے ماہانہ رسالہ ''السلام'' کے اندر ضم کر دیا گیا اور مخصوص صفحات غلمان کے عنوان سے رسالہ السلام میں شامل کئے جاتے رہے۔ اس کا مواد خدام الاحمدیہ کی سطح پر ہی نہ صرف اردو بلکہ دیگر مقامی زبانوں یعنی فرنچ، ڈچ اور انگریزی میں بھی فراہم کیا جاتا ہے۔ 2004ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خدام الاحمدیہ بیلجیئم کے ترجمان رسالہ غلمان کا نام تبدیل کر کے طلحہ منظور فرمایا۔ لہٰذا اب طلحہ کے نام سے ہی جماعتی رسالہ السلام میں شائع کیا جاتا ہے۔

ریجنز و ریجنل قائدین

سال 1999ء میں بیلجیئم میں پہلی بار ریجنز بنائے گئے اور ریجنل قائدین کا تقرر حضور انور کی منظوری سے کیا گیا جو کہ نیشنل مجلس عاملہ کے ممبر بھی ہیں۔

مجلس اطفال الاحمدیہ

اطفال الاحمدیہ بیلجیئم کے تمام پروگرام ریجن اور مرکز کی سطح پر خدام الاحمدیہ کے پروگراموں کے ساتھ ہی ترتیب دیئے جاتے رہے۔ خصوصاً سالانہ اجتماع کے موقع پر علمی و ورزشی مقابلہ جات کے علاوہ اطفال اجتماعی وقار عمل میں بھی حصہ لیتے رہے۔ اطفال کے علمی و ورزشی مقابلہ جات کروانے کا انتظام معیار صغیر

(سات تا گیارہ سال) اور معیار کبیر (بارہ تا پندرہ سال) کی سطح پر کیا جاتا رہا نیز اطفال کی سالانہ تربیتی کلاسز کا انعقاد بھی کیا جاتا رہا اور بعد میں انہیں اچھی کارکردگی کی بنیاد پر انعامات دیئے گئے۔ان کے علاوہ بیلجیئم کے اطفال 1992ء میں ہالینڈ کے اطفال کے ساتھ مل کر تربیتی کیمپ کی شکل میں سیر وتفریح اور پکنک کا ایک پروگرام کر چکے ہیں۔جس سے دونوں ملکوں کے اطفال نہ صرف لطف اندوز ہوئے بلکہ اس پروگرام کو بہت پسند کیا گیا۔اسی طرح 1993ء میں بھی معیار کبیر کی سطح پر جرمنی اور بیلجیئم کے اطفال وطلباء نے ایک سیر وتفریح کا پروگرام ترتیب دیا جس میں ان کے درمیان علمی وورزشی مقابلہ جات کروائے گئے۔

اطفال الاحمدیہ مجالس کی سطح پر عموماً ہفتہ وار تعلیمی و تربیتی کلاسز کا انعقاد بھی کرتی ہے تاکہ اطفال کی اچھے رنگ میں تربیت ہوسکے۔ اطفال الاحمدیہ کا نصاب ہرسال تیار کر کے اطفال کو فراہم کیا جاتا رہا۔جس کے مطابق اطفال سالانہ اجتماع کی تیاری کرتے ہیں۔

2001-02ء اطفال الاحمدیہ بیلجیئم کے لئے یادگار سال ہے اس سال میں اطفال الاحمدیہ کی پہلی نیشنل مجلس عاملہ بنائی گئی۔

اس سال ماہانہ رپورٹ فارم، تجنید فارم، بجٹ فارم اور حاضری نماز فارم کے ذریعہ باقاعدہ کام کا آغاز ہوا اور مقامی ناظمین اطفال کا تقرر عمل میں آیا اور پہلی بار بڑی مجالس برسلز، انٹورپن اور ہاسلٹ میں ناظمین اطفال نے اپنی اپنی مجلس عاملہ بنائیں اور اسی سال سے پہلی مرتبہ ریجنز براباں، انٹورپن اور لمبرگ میں ناظمین اطفال نے اپنی اپنی مجلس عاملہ بنائی اور اسی سال سے پہلی مرتبہ اطفال الاحمدیہ کی سطح پر ریجنل تعلیمی وتربیتی کلاسز کا انعقاد کیا گیا۔

2002ء سے لوکل اور نیشنل سطح پر اطفال الاحمدیہ کی سرگرمیاں جاری رہیں۔ 2003ء سے اطفال الاحمدیہ کے اخراجات کی اجازت کی منظوری حضرت خلیفۃ المسیح الرابع سے لی گئی۔ 2003-04ء میں اطفال الاحمدیہ بیلجیئم کی مقامی، ریجنل اور نیشنل سطح پر تمام سرگرمیاں مزید بہتر اور فعال ہوئیں۔ جو اطفال الاحمدیہ کی ترقی کی جانب ایک بہتر قدم ہے۔

ربوہ میں ہر گھر میں تین پھلدار پودے لگائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

ربوہ میں ایک مہم چلائیں کہ ہر گھر میں خواہ وہ چھوٹا ہی ہو پھل والے کم از کم تین پودے ضرور لگیں۔ امرود کینو اور ایک کوئی اور پھل والا پودا۔اس سے وہ غریب طبقہ جو خرید کر پھل کھانے کی طاقت نہیں رکھتا وہ اپنے گھر میں تیار شدہ پودوں سے پھل حاصل کر کے کسی حد تک اس کمی کو پورا کر سکے گا۔

(الفضل 19 مارچ 1996ء)

مرزا خلیل احمد قمر صاحب

وقف جدید
تعلیم وتربیت کی عظیم الشان تحریک جدید

حضرت مصلح موعود نے جماعت احمدیہ کی تعلیم و تربیت اور استحکام کے لئے وقف جدید کی تحریک جاری کرتے ہوئے فرمایا۔

''آج بھی زمانہ ہے کہ ہمارے وہ نوجوان جن میں اس قربانی کا مادہ ہو کہ وہ اپنے گھر بار سے علیحدہ رہ سکیں، بے وطنی میں ایک نیا وطن بنائیں اور پھر آہستہ آہستہ اس کے ذریعہ سے تمام علاقہ میں نور (۔) اور نور ایمان پھیلائیں۔ اپنے آپ کو اس غرض کے لئے وقف کریں۔میرے نزدیک یہ کام بالکل ناممکن نہیں۔ بلکہ ایک سکیم میرے ذہن میں آرہی ہے کہ اگر ایسے نوجوان تیار ہوں جو اپنی زندگیاں.......... میرے سامنے وقف کریں اور میری ہدایت کے ماتحت کام کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ خدمت (۔) کا ایک بہت بڑا موقع اس زمانہ میں ہے۔جیسا کہ مولوی محمد قاسم صاحب نانوتویؒ کے زمانہ میں تھا۔یا جیسا کہ حضرت سید احمد صاحب بریلویؒ اور دوسرے صوفیاء واولیاء کے زمانہ میں تھا۔'' (الفضل 6 فروری 1958ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے احباب جماعت کو بطور معلم وقف جدید زندگی وقف کرنے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:

''بہرحال وقف جدید انجمن احمدیہ کو سینکڑوں معلم اور چاہئیں اس لئے ہمیں سینکڑوں نوجوان جو وقف جدید کے معلم ہونے کی اہلیت رکھتے ہیں ملنے چاہئیں اور جلد تر ملنے چاہئیں۔'' (الفضل 15 جنوری 1966ء)

جماعتوں کی طرف سے معلمین وقف جدید کے مطالبوں کا ذکر کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

''بڑی شدت سے یہ مطالبہ کیا ہے کہ اس جماعت کو کوئی مربی یا معلم ضرور دیا جائے۔اور یہ بھی لکھا ہے کہ جماعت خود بھی یہ احساس رکھتی ہے کہ جب تک اسے کوئی معلم نہ دیا جائے وہ ان ذمہ داریوں کو کما حقہ ادا نہیں کر سکتی۔جو تربیت کے لحاظ سے اس پر عائد ہوتی ہیں۔لیکن اگر میرے پاس واقفین ہی نہ ہوں تو میں انہیں کہاں سے معلم مہیا کروں۔'' (الفضل 12/اکتوبر 1966ء)

اور واقفین کس قسم کے جماعت مہیا کرے۔اس سلسلہ میں آپ فرماتے ہیں۔

''ایک ذمہ داری وقف جدید کی ہے۔ اس ذمہ داری کو اپنے سامنے رکھیں جتنے روپے کی ہمیں ضرورت ہے وہ مہیا کریں اور بطور معلم جتنے آدمیوں کی ہمیں ضرورت ہے ہمیں دیں۔ اور مخلص واقف دیں۔خدا تعالیٰ کی محبت رکھنے والے اور اس کی خاطر تکالیف برداشت کرنے والے۔ اس کے عشق میں سرشار ہو کر اس کے نام کو بلند کرنے والے۔مسیح موعود پر حقیقی ایمان لانے کے بعد اور آپ کے مقام کو پوری طرح سمجھنے کے بعد جو ایک احمدی کے دل میں ایک تڑپ پیدا ہونی چاہئے کہ تمام احمدی اس روحانی مقام تک پہنچیں جس مقام تک حضرت مسیح موعود انہیں لے جانا چاہتے تھے۔اس تڑپ والے واقفین ہمیں وقف جدید میں چاہئیں۔

تو ایک تو وقف جدید کے چندوں کی طرف متوجہ ہوں دوسرے وقف جدید کے لئے جتنے اور جس قسم کے احمدیوں کی ضرورت ہے بطور معلم کے وہ آدمی اتنی تعداد میں مہیا کرنے کی کوشش کریں۔ ہماری جماعت میں سے سو(100) آدمی کا مہیا ہو جانا کوئی مشکل نہیں ہے۔بشرطیکہ ہم اس طرف توجہ کریں۔ بعض جماعتوں کے عہدیداروں نے جیسا کہ رپورٹوں سے پتہ لگتا ہے جماعتوں کو بتایا ہی نہیں۔کہ مرکز سے کیا آواز اٹھ رہی ہے۔کیا مطالبہ ہو رہا ہے۔کیا ذمہ داریاں ان پر عائد ہوتی ہیں۔اور اس کے مقابلہ پر اللہ تعالیٰ کی کس قدر اور کس شان کے ساتھ رحمتیں نازل ہو رہی ہیں۔ایسی جماعت کے دوست نیم بیہوشی کی سی حالت میں یہ سمجھتے ہیں (ایمان تو ہے ایمان کی چنگاری تو سلگ رہی ہے) کہ ہم کس طرف چل رہے ہیں۔جس طرف ہمیں حضرت مسیح موعود چلانا چاہتے تھے۔مگر وہ یہ نہیں سمجھتے کہ ہم اس رفتار سے نہیں چل رہے جس رفتار سے مسیح موعود ہمیں چلانا چاہتے تھے۔ نہ اس بشاشت کے ساتھ ان راہوں پر چل رہے ہیں نہ اتنے اخلاص کے ساتھ ان راہوں پر چل رہے ہیں نہ اتنی قربانیوں کے ساتھ ان راہوں پر چل رہے ہیں۔ جس بشاشت، جس اخلاص اور جن قربانیوں کا ہمارا بیعت کا عہد ہم سے مطالبہ کرتا ہے۔ پس چست ہونے کی ضرورت ہے۔ اخلاص میں برتر ہونے کی ضرورت ہے۔قربانیوں میں تیز تر ہونے کی ضرورت ہے۔جس مقصد کے لئے ہمیں قائم کیا گیا ہے۔اور زندہ کیا گیا اور منظّم کیا گیا ہے۔اس مقصد کے قریب تر ہونے کی ضرورت ہے۔اللہ تعالیٰ مجھے بھی اور آپ کو بھی اپنی ذمہ داریوں کو نباہنے کی توفیق عطا کرے۔

(الفضل 4/جنوری 1967ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے وقف عارضی کی رپورٹوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔

''ان میں سے بیسیوں نے مجھے خطوط لکھے کہ اس جماعت کو ضرورت ہے آپ کسی معلم کو یہاں بھجوائیں اور ہر خط کے اوپر میں فکرمند ہو جاتا ہوں کہ ضرورت ہے مگر معلم نہیں۔ میں آدمی کہاں سے لاؤں؟ اور میں نے پہلے بھی متعدد بار تحریک کی ہے اور اب بھی تحریک کرتا ہوں کہ وقف جدید کو معلم بھی دیں ایسے معلم جو واقعہ میں اپنی زندگی خدا کی راہ میں وقف کرنا چاہیں۔ ایسے معلم نہیں جو یہ سمجھیں کہ دنیا میں کسی اور جگہ ان کا ٹھکانہ نہیں چلو وقف جدید میں جا کے معلم بن جائیں۔ سمجھدار، دعا کرنے والے، خدا اور اس کے رسول سے محبت کرنے والے، حضرت مسیح موعود نے جو تفسیر قرآن بیان کی ہے اس سے دلی لگاؤ رکھنے والے، اسے پڑھنے والے، یاد رکھنے والے اور خدمت کا بے انتہا جذبہ رکھنے والے، جس کے دل میں خدمت خلق کا جذبہ نہیں وہ معلم نہیں بن سکتا۔کیونکہ یہ حقیقت ہے کہ دنیوی لحاظ سے یا دینی لحاظ سے ہم اپنے بھائی کو جو کچھ بھی دیتے ہیں وہ خدمت کے جذبہ کے نتیجہ میں دیتے ہیں۔اس کے بغیر ہم دے ہی نہیں سکتے۔اپنا وقت اس کو دیں، اپنا مال اس کو دیں اپنی زندگی اس کو دیں، دنیا کی کسی بہبود کے لئے یا آخرت کی بہبود کے لئے۔ جب ہم قرآن کریم اس کو سکھا رہے ہوتے ہیں جب ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اس کے سامنے رکھ رہے ہوتے ہیں یا ہم اس کی خاطر اس کا کوئی دنیوی کام کرانے کے لئے اس کے ساتھ باہر نکلتے ہیں ہر دو صورتیں جو ہیں وہ اس لئے پیدا ہوتی ہیں کہ ہمارے دل میں خدمت خلق کا جذبہ ہے۔اگر خدمت خلق کا جذبہ نہ ہو، نہ دینی لحاظ سے نہ دنیوی لحاظ سے تو ہم اس کی خدمت کے لئے باہر نہیں نکل سکتے۔پس ہمیں ایسے بےنفس خدمت گزار معلم چاہئیں۔منصوبہ یہ ہے کہ آئندہ جنوری میں پہلے سال کی نسبت زیادہ تعداد میں آدمی لئے جائیں۔'' (الفضل 10 نومبر 1967ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے معلمین وقف جدید کی کمی کو محسوس کرتے ہوئے احباب جماعت کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔

''وقف جدید کے سلسلہ میں یہ بات ضروری ہے کہ معلمین کی کمی محسوس ہو رہی ہے۔بعض علاقوں میں ہندوؤں کا کثرت سے (۔) کی طرف رجحان پایا جاتا ہے۔اور وہاں خاص وقف کی روح کے ساتھ آگے بڑھنے والے واقفین کی ضرورت ہے۔ہمارے حالات اور موسموں سے ان علاقوں کا رہن سہن اور موسم مختلف ہیں۔اور خاصی دقتوں کا سامنا ہے۔...... پس یہ بہت عظیم الشان خدمت ہے جو وقف جدید نے سرانجام دی ہے اور دے رہی ہے۔اس کے لئے صرف روپیہ کافی نہیں ہے بلکہ وقف کی روح رکھنے والے واقفین کی بہت ضرورت ہے۔'' (الفضل 26 فروری 1984ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے وقف جدید کے سال نو 2006ء کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا۔

''اب زمانہ ہے ہر گاؤں میں ہر قصبہ میں، ہر شہر میں اور وہاں کی ہر (بیت الذکر) میں ہمارا مربی اور معلم ہونا چاہئے۔اب اس کے لئے بہرحال.......... جماعت کے افراد کو اپنی قربانیاں کرنی پڑیں گی۔ اپنے بچوں کی قربانیوں کرنی پڑیں گی کہ ان کو اس کام کے لئے پیش کریں۔ وقف کریں اور یہ سب ایسے ہونے چاہئیں کہ وہ تقویٰ کے اعلیٰ معیار پر بھی قائم ہوں۔..........آئندہ سالوں میں.......... واقفین نو بھی میدان عمل میں آجائیں گے۔لیکن جوان کی تعداد ہے وہ بھی یہ ضرورت پوری نہیں کر سکتے۔یہ کام وسیع طور پر ہمیں کرنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے آدمیوں کی ضرورت بڑی تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ تقویٰ پر چلنے والے.......... معلمین ہمیں مہیا فرماتا رہے۔'' (روزنامہ الفضل 28 مارچ 2006ء)

20 ویں صدی کے مشہور سیاسی اور تجارتی معاہدے

☆4 اپریل 1902ء کو روس اور چین کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا جو معاہدۂ منچوریا کے نام سے مشہور ہے۔ اس معاہدہ کے مطابق روسی افواج چھ ماہ کے اندر منچوریا سے واپس چلی جائیں گی۔ اس معاہدہ منچوریا کو برطانیہ، امریکہ اور جاپان کی حمایت حاصل تھی۔

☆واشنگٹن ڈی سی میں امریکہ کے وزیر خارجہ اور کولمبیا کے ناظم الامور نے 22 جنوری 1903ء کو نہر پانامہ کی تعمیر کے معاہدہ پر دستخط کئے۔ اس معاہدے کے تحت امریکہ کولمبیا کے ایک دس میل چوڑے خطے کو استعمال میں لاتے ہوئے نہر پانامہ تعمیر کرے گا۔ اس کے عوض کولمبیا ایک کروڑ ڈالر یکمشت اور ڈھائی لاکھ ڈالر سالانہ بطور کرایہ ادا کرے گا۔ یہ نہر بحر اوقیانوس اور بحر الکاہل کو آپس میں ملائے گی۔ اس طرح اس راستے سے تجارت کرنا آسان ہو جائے گا۔

☆30 مئی 1913ء کو ترکی نے معاہدۂ بلقان پر دستخط کئے۔

☆16 اپریل 1916ء کو برطانیہ فرانس اور روس نے ایک معاہدے کے ذریعے عظیم سلطنت عثمانیہ کے حصے بخرے کر دیئے۔ اس معاہدے کی رو سے حیفہ اور عکّہ کی بندرگاہیں عراق کے حوالے کر کے اسے برطانیہ کے زیر اثر قرار دے دیا گیا۔ شام ولایت ادانہ سلیشا اور جنوبی کردستان کو فرانس کا حلقہ اثر مان لیا گیا۔ فلسطین کے لئے ایک بین الاقوامی نظم و نسق تجویز ہوا اور روس کے متعلق فیصلہ کیا گیا کہ آرمینیا کردستان کا یہ حصہ اور شمالی اناطولیہ کا ایک حصہ دے دیا جائے گا۔ اٹلی کو یہ معاہدہ منظور کرنے کے عوض میں سمرنا اور ادالیہ کے علاقے میں زیادہ رعایتیں عطا کر دی گئیں۔

☆دسمبر 1916ء میں آل انڈیا مسلم لیگ اور انڈین نیشنل کانگریس کے سالانہ اجلاس ایک ہی وقت میں لکھنؤ میں منعقد ہوئے۔ ان دونوں اجلاسوں میں ہندو مسلم اتحاد کا زبردست مظاہرہ دیکھنے میں آیا۔ دونوں نے ایک معاہدے کی منظوری دی جسے ''میثاق لکھنؤ'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

☆6 جولائی 1916ء کو روس اور جاپان کے درمیان معاہدہ امن طے پایا۔

☆28 جون 1914ء کو جنگ عظیم اول کی پہلی چنگاری پھوٹی اور 28 جون 1919ء کو معاہدہ ورسائی کے ذریعہ اس جنگ کا باقاعدہ خاتمہ ہو گیا۔

☆8 اگست 1919ء کو راولپنڈی میں انگریزوں اور افغانستان نے امن کے معاہدے پر دستخط کئے۔

☆14 مئی 1920ء کو اتحادی قوتوں نے معاہدہ سیورے کی رو سے ترکی کے مستقبل کا فیصلہ کر دیا۔ اس معاہدے کے تحت صوبہ حجاز، شریف حسین حاکم مکہ کو مل گیا۔ فلسطین، عراق اور اردن، برطانیہ کے حصے میں آئے۔ شام فرانس کا زیر نگیں بنا۔ آرمینیا کو آزاد عیسائی حکومت بنا دیا گیا۔ اس کا بنیادی مقصد خلافت عثمانیہ کا خاتمہ کرنا تھا۔ برصغیر میں اس معاہدہ کا شدید اثر پڑا کیونکہ مسلمانان برصغیر خلافت عثمانیہ کی جنگ لڑ رہے تھے۔

☆6 مئی 1921ء کو جرمنی اور روس کے درمیان امن معاہدے پر دستخط ہوئے۔

☆24 اگست 1921ء امریکہ نے آسٹریا کے ساتھ معاہدہ امن پر دستخط کئے۔

☆1924ء میں ترکی نے افغانستان کے ساتھ اتحاد قائم کیا۔

☆16 اکتوبر 1925ء کو جرمن، برطانیہ، فرانس، بیلجیئم اور اٹلی کے وزرائے خارجہ نے سوئٹزرلینڈ کے ایک مقام لوکارنو میں معاہدے پر دستخط کئے جسے ''معاہدہ لوکارنو'' کہتے ہیں۔

☆20 جنوری 1925ء کو امریکہ اور چین میں ''معاہدہ پیکنگ'' پر دستخط ہوئے۔

☆3 دسمبر 1925ء کو شمالی آئرلینڈ اور آئرش فری سٹیٹ کے درمیان والبندی کے معاہدے پر دستخط ہوئے۔

☆26 مارچ 1925ء کو رومانیہ اور پولینڈ کے درمیان اتحاد قائم ہوا۔

☆22 اپریل 1925ء ایران، ترکی اور افغانستان نے باہمی سلامتی کے معاہدے پر دستخط کئے۔

☆17 جون 1934ء کو سعودی عرب اور یمن کے حکمرانوں نے ایک معاہدہ امن پر دستخط کئے۔ جس سے جنگ صحارا کا خاتمہ ہوا۔

☆برطانیہ نے 1936ء میں مصر کے ساتھ ہونے والے ایک معاہدے کے بعد نہر سوئز کے اختیارات سنبھال لئے۔

☆6 اگست 1937ء کو امریکہ اور روس کے درمیان ایک تجارتی معاہدے پر دستخط ہوئے۔

☆ستمبر 1938ء میں اٹلی، فرانس اور برطانیہ کے درمیان ''معاہدہ میونخ'' طے پایا جس میں مذکورہ تین ملکوں کے سربراہوں نے جرمن چانسلر ہٹلر سے چیکوسلواکیہ کے متنازع علاقے پر مذاکرات کئے جس پر اکتوبر 1938ء میں یہ علاقہ جرمنی کے حوالے کر دیا گیا۔

☆27 اپریل 1938ء کو یونان اور ترکی کے درمیان معاہدہ دوستی طے پایا۔

☆24 اگست 1939ء کو جرمنی اور روس کے درمیان جنگ نہ کرنے کا معاہدہ طے پایا۔

☆19 اکتوبر 1939ء کو فرانس اور برطانیہ کے مابین باہمی امداد کا معاہدہ طے پایا۔

☆22 جون 1940ء کو فرانس نے جرمنوں کے آگے ہتھیار ڈالنے کے معاہدے پر دستخط کئے۔ جس کے بعد فرانس دو حصوں میں تقسیم ہو گیا۔ جن میں سے ایک حصے پر جرمن قابض تھے جبکہ دوسرے پر فرانس کا اقتدار تھا۔ بعدازاں دوسرا حصہ بھی جرمنوں کے زیر تسلط آ گیا تھا۔

☆اگست 1941ء میں بحری سفر کے دوران چرچل اور روزویلٹ کے درمیان ایک معاہدے پر دستخط ہوئے جو ''معاہدہ اوقیانوس'' کہلاتا ہے۔ اس کے تحت جنگ کے خاتمے اور اس کے بعد کے دور کے لئے آٹھ نکات پر مشتمل بنیادی اصول طے کئے گئے۔

☆12 جولائی 1941ء کو ماسکو میں جرمن یلغار کے لئے اینگلو سوویت معاہدے پر دستخط ہوئے۔

☆24 فروری 1949ء کو اسرائیل اور مصر نے جنگ بندی کے معاہدے پر دستخط کئے۔

☆11 مارچ 1949ء کو اسرائیل اور اردن نے جنگ بندی کے معاہدے پر دستخط کئے۔

☆18 اپریل 1950ء کو نئی دہلی میں پاکستان اور بھارت کے وزرائے اعظم نے دونوں ممالک کی اقلیتوں کے مفادات کے تحفظ کے لئے ایک معاہدے پر دستخط کئے جو ''لیاقت۔نہرو معاہدہ'' کے نام سے مشہور ہے۔

☆15 فروری 1950ء کو روس اور چین نے دوستی کے ایک معاہدے پر دستخط کئے اور سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف ایک اتحاد قائم کرنے کا اعلان کیا۔ یہ معاہدہ ماسکو میں طے پایا اور اس پر روس کی جانب سے اسٹالن اور چین کی جانب سے ماؤزے تنگ نے دستخط کئے۔

☆8 ستمبر 1951ء کو امریکہ نے جاپان کے ساتھ امن معاہدے پر دستخط کئے۔

☆8 ستمبر 1954ء کو دنیا کے آٹھ ممالک نے فلپائن کے شہر منیلا میں جنوب مشرقی ایشیا کے ممالک کے دفاع کے لئے ایک مشترکہ معاہدے پر دستخط کئے، جسے ساؤتھ ایسٹ ٹریٹی آرگنائزیشن کا نام دیا گیا تاہم اختصار سے سیٹو کے نام سے معروف ہوا۔

☆24 فروری 1955ء کو برطانیہ کی ایماء پر ترکی اور عراق نے بغداد میں ایک معاہدے پر دستخط کئے جس کا مقصد ان دونوں ممالک کو روس کی بڑھتی ہوئی توسیع پسندی سے محفوظ رکھنا تھا۔

☆14 مئی 1955ء کو سوویت یونین، البانیہ، بلغاریہ، چیکوسلواکیہ، ہنگری، پولینڈ، رومانیہ اور مشرقی جرمنی نے پولینڈ کے شہر وارسا میں ایک دفاعی معاہدے پر دستخط کئے جو وارسا معاہدے کے نام سے معروف ہوا۔ یہ معاہدہ نیٹو کے ردعمل کے طور پر عمل میں آیا تھا۔

☆2 مارچ 1955ء کو شام اور مصر نے ایک فوجی معاہدے پر دستخط کئے۔

☆یورپ کے چھ ممالک فرانس، مغربی جرمنی، اٹلی، بیلجیئم، ہالینڈ اور لکسمبرگ نے 25 مارچ 1957ء کو روم میں ایک معاہدے پر دستخط کئے جس کے تحت ان ممالک نے آپس میں تجارت اور آمدورفت پر پابندی اٹھانے اور ایک مشترکہ منڈی قائم کرنے کا اعلان کیا، جسے ''یورپ کی مشترکہ منڈی'' کا نام دیا گیا۔

☆ یکم فروری 1958ء کو مصر کے صدر جمال عبدالناصر اور شام کے صدر شکر القوتلی نے قاہرہ میں ایک معاہدے پر دستخط کئے جس کے ذریعے دونوں ممالک کا باہمی وفاق عمل میں آیا جس کا نام ''متحدہ عرب جمہوریہ'' رکھا گیا۔

☆20 نومبر 1959ء کو یورپین فری ٹریڈ ایسوسی ایشن کا قیام عمل میں آیا جس پر یورپ کے سات ممالک، برطانیہ، آسٹریا، ڈنمارک، ناروے، پرتگال، سویڈن اور سوئٹزرلینڈ نے دستخط کئے۔

☆ یکم ستمبر 1959ء کو ''معاہدہ انٹارکٹیکا'' پر بارہ ممالک نے دستخط کئے جس کے تحت طے پایا کہ کوئی ملک دنیا کے اس چھوٹے اور سرد ترین براعظم پر قبضے کی کوشش نہیں کرے گا۔

☆19 ستمبر 1960ء کو ایوب خان اور نہرو نے نہری پانی کے معاہدے (سندھ طاس) پر دستخط کئے۔

☆15 اگست 1963ء کو امریکہ، سوویت یونین اور برطانیہ کے نمائندوں نے کریملن (سوویت یونین) میں ایک معاہدے پر دستخط کئے جس میں طے پایا کہ اب یہ تینوں ممالک فضا میں یا زیر آب ایٹمی تجربے نہیں کریں گے۔ فرانس اور چین نے اس معاہدے پر دستخط نہیں کئے۔ یہ معاہدہ دنیا میں ''نیوکلیئر ٹیسٹ بین ٹریٹی'' کے نام سے معروف ہے۔

☆22 جنوری 1963ء کو پیرس میں فرانس کے صدر ڈیگال اور مغربی جرمنی کے چانسلر کونریڈ ایڈیناٹر نے دوستی کے ایک معاہدے پر دستخط کئے جو ''معاہدہ ایلیسی'' کے نام سے معروف ہوا۔

☆2 مارچ 1963ء کو پاکستان اور چین نے سرحدی معاہدے پر دستخط کئے۔

☆29 اگست 1963ء کو پاکستان میں چین نے فضائی معاہدے پر دستخط کئے۔

☆21 جون 1965ء کو پاکستان، ایران اور ترکی نے علاقائی تعاون برائے ترقی کے معاہدے پر دستخط کئے۔

☆1965ء میں پاکستان اور بھارت نے رن کچھ میں جنگ بندی کے معاہدے پر دستخط کئے۔

☆1965ء کی پاک بھارت جنگ کے بعد 10 جنوری 1966ء کو پاکستان کے صدر ایوب خان اور بھارت کے وزیراعظم لال بہادر شاستری نے ایک معاہدے پر دستخط کئے جو ''معاہدہ تاشقند'' کے نام سے مشہور ہوا۔

☆2 جولائی 1972ء کو پاکستان اور بھارت کے درمیان ''شملہ معاہدہ'' طے پایا، جس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان تصادم کی روک تھام، مسائل کا بات چیت کے ذریعے پُرامن حل اور فوجوں کی واپسی طے پایا۔ اس معاہدے کی توثیق 14 جولائی 1972ء کو پاکستانی اسمبلی نے اور 28 جولائی کو بھارتی لوک سبھا نے کی۔

☆27 جنوری 1973ء کو امریکہ، جنوبی وشمالی ویتنام اور ویت کانگ کے نمائندوں نے پیرس میں جنگ بندی کے معاہدے پر دستخط کئے جو نو برس سے جاری تھی۔

☆31 مئی 1974ء کو جنیوا میں ایک معاہدہ طے پایا جو اسرائیل اور شام کے درمیان تھا۔ اس معاہدے کے تحت گولان کی پہاڑیوں کا صدر مقام شام کو واپس مل گیا اور شام نے بھی اسرائیل کے کچھ مقبوضہ علاقے اسے واپس کئے۔

☆جولائی 1974ء میں یونانی فوج نے قبرص پر قبضہ کیا تو ترکی نے اپنے باشندوں کے تحفظ کے لئے اپنی فوجیں قبرص میں داخل کردیں۔ بعدازاں دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات ہوئے اور انہوں نے 24 جولائی کو جنگ بندی کے ایک معاہدے پر دستخط کئے۔ مگر دونوں ریاستوں کے سربراہ تبدیل ہونے پر ترکی نے یہ معاہدہ ختم کردیا۔

☆18 ستمبر 1978ء کو کیمپ ڈیوڈ سمجھوتے پر دستخط کئے گئے۔ یہ سمجھوتہ امریکی صدر کی مداخلت پر مصر کے صدر انوار السادات اور اسرائیل کے وزیراعظم مینہم بیگن نے فلسطین میں امن کے قیام کے لئے کیا۔

☆12 راگست 1978ء کو چین اور جاپان نے دوستی کے دس سالہ معاہدے پر دستخط کئے۔

☆جون 1979ء میں امریکی صدر جمی کارٹر اور سوویت رہنما لیونڈ بریژنیف نے نیوکلیئر ہتھیاروں کی تیاری اور پابندی سے متعلق ایک معاہدے پر دستخط کئے جسے ''سالٹ ٹو'' کا نام دیا گیا مگر امریکی سینٹ سے اس معاہدے کی توثیق نہیں ہوسکی۔

☆26 مارچ 1979ء مصر و اسرائیل کے درمیان معاہدہ امن طے ہوا۔

☆دسمبر 1984ء کو برطانیہ اور چین کے درمیان ایک معاہدے پر دستخط ہوئے جس میں طے پایا کہ 1997ء میں ہانگ کانگ کو واپس چین کے حوالے کرایا جائے گا۔

☆8 دسمبر 1984ء کو سوویت رہنما میخائل گورباچوف اور امریکی صدر رونالڈ ریگن نے واشنگٹن ڈی سی میں تخفیف اسلحہ کے ایک تاریخی معاہدے پر دستخط کئے۔

☆14 راپریل 1988ء وہ تاریخی دن ہے جب جنیوا میں افغانستان سے سوویت فوجوں کے انخلاء کے معاہدے پر دستخط ہوئے۔

☆3 دسمبر 1989ء کو جزائر مالٹا میں سوویت یونین کے سربراہ گورباچوف اور امریکہ کے صدر جارج بش، نے نیوکلیائی ہتھیاروں کے جزوی اور کیمیاوی ہتھیاروں کے مکمل خاتمے کے ایک معاہدے پر دستخط کئے جس کے نتیجے میں دو سپر پاورز کے درمیان امن کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا اور سرد جنگ کا خاتمہ ہوا۔

☆13 ستمبر 1993ء کو اسرائیل کے وزیر خارجہ شمعون پیریز اور تنظیم آزادیٔ فلسطین کے نمائندے، محمود عباسی نے ایک تاریخی معاہدے پر دستخط کئے۔

☆21 نومبر 1995ء کو مسئلہ بوسنیا کے تینوں فریقین کے نمائندے تین ہفتے کے مذاکرات کے بعد بوسنیا میں قیام امن کے ایک منصوبے کی جزئیات طے کرنے میں کامیاب ہوگئے اور انہوں نے 14 دسمبر 1995ء کو معاہدۂ امن پر دستخط کردیئے۔

☆14 فروری 1995ء کو پیرو اور ایکواڈور نے جنگ بندی کے معاہدے پر دستخط کئے۔

☆28 ستمبر 1995ء کو تنظیم آزادیٔ فلسطین کے سربراہ یاسر عرفات اور اسرائیل کے وزیراعظم اسحٰق رابن نے وہائٹ ہاؤس میں تاریخی معاہدۂ امن پر دستخط کئے۔ یہ معاہدۂ فلسطین کی تاریخ کا ایک اہم باب ہے۔

☆24 دسمبر 1996ء کو امریکہ اور روس کے درمیان CTBT کے معاہدے پر دستخط ہوئے۔ جس میں ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ اور ایٹمی دھماکوں کے تجربات پر پابندی عائد کی گئی۔ اب تک 150 سے زائد ممالک اس معاہدے پر دستخط کرچکے ہیں۔

☆23 راکتوبر 1998ء کو فلسطین کے صدر یاسر عرفات اور اسرائیل کے وزیراعظم نتن یاہو کے درمیان ایک عارضی امن معاہدہ پر دستخط ہوئے جس کی رو سے اسرائیل اس امر پر آمادہ ہوگیا کہ مغربی کنارے سے امن فوجیں واپس بلائے گا اور علاقے کا طے شدہ حصہ فلسطینیوں کو منتقل ہوجائے گا۔

خدا کی رحمت کا دروازہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

خدا تعالیٰ کی رحمت کے بہت سے دروازوں میں ایک رحمت کا دروازہ جو ہم پر کھولا گیا ہے وہ وقف جدید کا دروازہ ہے اس نظام کے ذریعہ حضرت مصلح موعود نے ہمارے لئے نیکیاں کرنے اور رحمتیں کمانے کا سامان کردیا ہے۔

کھانسی، نزلہ، زکام۔ چند گھریلو نسخے

کھانسی

کھانسی دو قسم کی ہوتی ہے خشک اور تر، خشک کھانسی میں بلغم نہیں ہوتی۔ تر کھانسی میں بلغم خارج ہوتی ہے۔ خشک کھانسی زیادہ تکلیف دیتی ہے۔ کھانستے کھانستے سر درد سے پھٹنے لگتا ہے۔ اس کے لئے ایک نسخہ یہ ہے کہ پھٹکڑی بریاں تین ماشہ اور چینی تین ماشہ اکٹھی پیس لیں۔ اس کی چودہ پڑیاں بنالیں۔ اگر کھانسی خشک ہے تو دن میں تین پڑیاں صبح، دوپہر، شام دودھ سے دیں اگر کھانسی تر ہے تو یہ پڑیاں پانی سے مریض کو دیں۔

دوسرا نسخہ

ہلدی کی گانٹھ کو توے پر بھون لیں پھر اسے باریک پیس لیں۔ روزانہ صبح، دوپہر، شام تین تین ماشہ ہمراہ پانی لیں۔

تیسرا نسخہ

ہلدی کو باریک پیس کر خالص شہد میں ملائیں۔ شہد اتنا ملائیں کہ گولیاں بن سکیں۔ جب کھانسی کا دورہ اٹھے تو ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں کھانسی نہ تھمے تو ایک گولی اور چوس لیں۔

چوتھا نسخہ

اگر کھانسی شدید ہو تو ایک کلو گائے کا دودھ لیں۔ پنساری سے دو تولہ نمک سانبھر لے کر اس دودھ میں ملا کر اتنا ابالیں کہ دودھ خشک ہو جائے۔ پیچھے نمک رہ جائے گا۔ صبح کے وقت یہ نمک دورتی چاٹیں۔ تین چار دنوں میں کھانسی ٹھیک ہوجائے گی۔

بعض اوقات نزلہ زکام اور کھانسی سے گلا اتنا بیٹھ جاتا ہے کہ آواز نہیں نکلتی۔ اس کے لئے پنساری سے چار تولہ املتاس لیں اور اسے آدھ کلو دودھ میں ملا کر ابالیں مریض کو اس کے غرارے کرائیں۔

کھانسی کے لئے ایک نسخہ.......... ایک ماشہ نمک مولی لیں اور اس میں چھ ماشہ چینی ملالیں۔ صبح اور شام تھوڑی سی مقدار میں گرم پانی سے لیں۔

کھانسی کے لئے گوند کیکر ایک تولہ اور پسی ہوئی ملٹھی دو تولہ ملا کر پانی کے ساتھ یک جان کرلیں۔ چار چار رتی کی گولیاں بنائیں اور صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی چوسیں۔

کھانسی کے لئے پرہیز انتہائی ضروری ہے۔ سب سے پہلے احتیاط یہ کریں کہ قبض نہ ہونے دیں۔ نزلہ اور زکام کے لئے بھی یہی احتیاط بے حد ضروری ہے۔ اگر قبض محسوس ہو تو غذا ہلکی کردیں۔ زود ہضم غذا کھائیں۔ رات کو گلقند دو بڑے چمچ ہمراہ دودھ لیں یا مربہ ہرڑ دو دانے کھالیں اور بعد میں دودھ پی لیں۔

کھانسی کے لئے ایک اور انتہائی سستا بلکہ مفت نسخہ ہے۔ مکئی کے بھٹے کا تکا جلا کر پیس لیں۔ اس کے برابر اس میں چینی ملالیں۔ تین ماشے صبح اور تین ماشے شام کو کھائیں۔

نزلہ۔ زکام

نزلہ اور زکام کا بھی علاج آپ خود کر سکتے ہیں۔ نزلہ اور زکام کو ہمارے لوگ معمولی سمجھتے ہیں لیکن یہ بڑی نامراد بیماری ہے۔ اس سے کئی امراض پیدا ہوتے ہیں جن میں سل، نمونیہ اور دمہ شامل ہیں۔ نزلہ زکام کا علاج فوراً ہونا چاہئے۔ اگر ناک سے مواد حلق میں گرے تو اسے نزلہ کہتے ہیں اور اگر ناک کے رستے بہنے لگے تو یہ زکام کہلاتا ہے۔ کوشش یہ ہونی چاہئے کہ نزلہ نہ ہو یعنی مواد حلق میں نہ گرے بلکہ ناک کی صورت میں بہے۔

اس کا بڑا سہل طریقہ ہے۔ ناک میں روئی ٹھونس دیں۔ نزلہ حلق میں گرنے کی بجائے ناک کے رستے بہنے لگے گا۔

نزلہ زکام کے لئے ایک نسخہ یہ ہے۔ گندم کا چھلکا جو آٹا چھاننے کے بعد چھلنی میں رہ جاتا ہے چھ ماشہ لے کر پانی میں ابالیں۔ اس میں چینی یا شہد ڈال کر چائے کی طرح پیئیں۔ پیاس لگے تو یہی پانی ٹھنڈا کرکے پیئیں۔

دوسرا نسخہ

رات کے وقت انگاروں پر ہلدی کی گانٹھ رکھیں۔ نلکی کے ذریعے اس کا دھواں ناک کے رستے کھینچیں اس کے بعد پانی نہ پیئیں اور سو جائیں۔

تیسرا نسخہ

اکیس عدد بھوری مرچ روزانہ صبح قابل برداشت گرم پانی سے نگل لیا کریں۔ اس سے پرانا نزلہ زکام بھی ٹھیک ہوجاتا ہے۔

نزلہ اور زکام کے لئے ایک نسخہ خاصا کامیاب ہے۔ پانی کو ابالیں اور پانی چولہے پر ہی ہو تو اس میں برگ بنفشہ ڈال دیں اور فوراً چولہے سے اتار لیں۔ دیگچی پر ڈھکنا رکھ دیں۔ پانچ منٹ بعد چائے کی طرح چینی ملا کر پیئیں۔ اس میں تھوڑا سا دودھ بھی ڈالا جاسکتا ہے۔ مقدار یہ ہو، ایک پاؤ پانی اور چار ماشے بنفشہ آپ زیادہ پانی تیار کرلیں۔ پیاس لگے تو یہی پانی پیئیں۔

انتہائی ضروری احتیاط بسلسلہ کھانسی نزلہ وزکام یہ ہے کہ آپ کو اگر موسم کی تبدیلی کی وجہ سے یہ امراض لاحق ہو جائیں یا کبھی کبھار ایسی تکلیف ہو تو یہ گھریلو نسخے استعمال کریں لیکن آپ کو اگر دائمی نزلہ زکام اور کھانسی ہو یا تھوڑے تھوڑے وقفے بعد ان امراض کا حملہ ہو تو کسی مستند اور تجربہ کار ڈاکٹر کے پاس جائیں اور اپنا معائنہ کرائیں۔ ہوسکتا ہے ڈاکٹر آپ کے کچھ ٹسٹ ضروری سمجھیں۔ (حکایت۔ جنوری 2006ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 59947 میں شاکرہ حفیظ

زوجہ زاہد حسین ڈار قوم کشمیری پیشہ خانہ داری عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نارنگ منڈی ضلع شیخوپورہ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 27-4-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔1۔حق مہر-/25000 روپے۔ 2۔ طلائی زیور ساڑھے پانچ تولے مالیتی اندازاً-/55000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ شاکرہ حفیظ گواہ شد نمبر 1 زاہد حسین ڈار وصیت نمبر 31255 گواہ شد نمبر 2 ضیاء الرحمٰن وصیت نمبر 36070

مسل نمبر 59948 میں مختار احمد

ولد محمد دین قوم راجپوت بھٹی پیشہ فارغ عمر 71 سال بیعت 1954ء ساکن تاجپورہ سکیم لاہور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 23-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ رہائشی مکان 12 مرلہ واقع لاہور اندازاً مالیتی -/3000000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد مختار احمد گواہ شد نمبر 1 نصیر احمد قریشی وصیت نمبر 25076 گواہ شد نمبر 2 محمد سرور وصیت نمبر 37838

مسل نمبر 59949 میں محمد اسد قریشی

ولد محمد اکبر ہاشمی قوم سید ہاشمی پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالحمد لاہور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 7-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد اسد ہاشمی گواہ شد نمبر 1 محمد محمود اقبال ہاشمی ولد محمد ظفر اقبال ہاشمی گواہ شد نمبر 2 رضوان اسلم وصیت نمبر 33223

مسل نمبر 59950 میں احمد حسان فرخ

ولد داؤد احمد فرخ قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سبزہ زار لاہور بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 22-2-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/20000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد احمد حسان فرخ گواہ شد نمبر 1 فخر احمد عباسی وصیت نمبر 29049 گواہ شد نمبر 2 احمد مشہود فرخ وصیت نمبر 27802

مسل نمبر 59951 میں نوید نصراللہ

ولد کلیم اللہ ملک قوم ملک ککے زئی پیشہ طالب علم عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مرغزار کالونی لاہور بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 8-3-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ /وظیفہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد نوید نصراللہ گواہ شد نمبر 1 فخر احمد عباسی وصیت نمبر 29049 گواہ شد نمبر 2 چوہدری نعیم احمد ولد چوہدری نصیر احمد

مسل نمبر 59952 میں قمر اقبال

ولد محمد اقبال قوم مغل پیشہ ملازمت عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گرین ہومز لاہور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 6-3-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3500 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد قمر اقبال گواہ شد نمبر 1 فخر احمد عباسی وصیت نمبر 29049 گواہ شد نمبر 2 رانا محمد یوسف ولد محمد اسماعیل

مسل نمبر 59953 میں فرمان احمد

ولد عبدالشکور قوم رند بلوچ پیشہ طالب علم عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جمیل ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 15-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد فرمان احمد گواہ شد نمبر 1 فخر احمد عباسی وصیت نمبر 29049 گواہ شد نمبر 2 کامران احمد ولد عبدالشکور

مسل نمبر 59954 میں طیبہ شریفی

